جی، پی پروڈکشنز کا شاہکار

शहंशाह

شہنشاہ

میوزک = S. D. Burman

سینما کے متعلق ہر قسم کی کتابیں ملنے کا پتہ

شری نارائن پستکالیہ لال کنواں۔ لاہوری گیٹ دہلی

اداکاران:- کامنی کوشل۔ ہ۔ کے۔ اینت سنگھ۔ آغا وغیرہ وغیرہ

سٹوری میدان جنگ میں خون کی ندیاں بہہ رہی تھیں۔ لوہے سے لوہا ٹکرا رہا تھا۔ انسانی سر گاجر مولی کیطرح کٹ رہے تھے۔ کہ ایسے میں ملکہ کو وزیر اعظم کی طرف سے شہنشاہ طہران کا پیغام ملتا ہے کہ شہزادہ اور شہزادی کو لیکر روپوش ہو جاؤ۔ آگے پردہ فلم پر دیکھیں ۔۔۔۔۔

گانے

نمبر ۱

نازوں کے پلے کانٹوں پہ چلے۔ ایسا بھی جہاں میں ہوتا ہے
تقدیر کے ظالم ہاتھوں سے دل خون کے آنسو روتا ہے۔
بنت جن میں چراغاں رہتا ہے۔ خاک اُڑتی ہے اُن ایوانوں میں
مخمل پہ جو نہ رکھتے تھے قدم پھرتے ہیں وہ ریگستانوں میں
چلنے کا سہارا کوئی نہیں رکنے کا ٹھکانہ کوئی نہیں
اس حال میں کام آنے والا اپنا بیگانہ کوئی نہیں
دُنیا میں کسی کو بھی اپنی قسمت کا پتہ معلوم نہیں۔

سامان ہیں لاکھوں برسوں کے اور کل کا پتہ معلوم نہیں

نمبر ۲

کوئی راگ چھیڑ۔ دبی آگ چھیڑ کہ یہی ہے زندگانی - !
کھلی ہے بہار رنگیں کرلے پیار۔ کوئی مانگ لے نشانی
ابھی وقت مہرباں ہے ابھی زندگی جواں ہے
یہ سماں تیرا سماں ہے۔ کوئی راگ ۔۔۔
یہ فضاؤں کے اشارے۔ یہ کھلے کھلے نظارے
تجھے کہہ رہے ہیں سارے۔ کوئی راگ چھیڑ ۔۔۔
ذرا دل کی سن سنالے۔ ذرا خود کو آزمالے
کوئی آرزو جگالے ۔ کوئی راگ چھیڑ ۔۔۔

نمبر ۳

لے لے دل کو لے لے ۔ قسمت کے ہیں یہ میلے
دل دیجئے دل کو لیلے۔ قسمت کے ہیں ۔۔۔
یہ حسن یہ جوانی - یہ آگ اور پانی
سب کچھ ترے دیئے ہیں آ تیری مہربانی۔ دل دے۔
مہکا ہوا ہے گلشن ، دو چار پھول چن لے

یہ بات ہے پتہ کی اے میرے یار سُن لے ۔ دل دیکے ...
دُنیا کا غم بھلا ۔ سے دل کا سلام لے کے
ہو جا کسی پہ صدقے ، اللہ کا نام لیکے ۔ دل دے کے ...

نمبر ۴ : جام تھام لے ۔

سوچتے ہی سوچتے نہ بیتے ساری رات ۔ جام تھالے ...
سج کے آئی ہے شیشہ کی پری ۔ ڈھونڈ نکالی ہے دل کی خوشی
جنت سے قدرت نے بھیجا تیرے لئے انعام
دُنیا کے ہر دکھ کا دارو ایک سنہری جام ۔ جام تھام لے ...
کھو نہ جائے کہیں آج کی گھڑی ۔ دل کی آس ہے سامنے کھڑی
گالوں پہ سورج کی کرنیں اور زلفوں میں شام
اے میرے گلفام سمجھ لے الفت کا پیغام جام تھام لے ...
صبح دور ہے رات کی قسم ، دل کی مان لے او میرے صنم
مستی کی ان گھڑیوں میں کیا سوچ سمجھ کا کام
زلفوں کے سایہ میں ناداں کر لے تھوڑا آرام ۔ جام تھام لے ...

نمبر ۵

چاہت کا خزانہ ہے تیرے لئے ۔ ٹھوکریں زمانہ ہے تیرے لئے

ساری دُنیا چھوڑ کے میں نے تجھ سے ناطہ جوڑا

پیار کا دامن ہاتھ میں لے کے سب کا دامن چھوڑا

دولت کیا ہے عزّت کیا ہے دل والوں کے آگے

یہ دُنیا کب توڑ سکی ہے پیار کے نازک دھاگے - تھوڑ کریں...

باز نہیں آتے جلنے سے شمع پہ کیوں پروانے - !

یا میں جانوں یا تو جانے اور کوئی نہ جانے

نمبر ۶

آئیں بہاریں لے کر... رنگیں پیار کی - جھوم اٹھیں شرمیلی کلیاں میرے گلزار کی

آج نہ جانے امیدوں کی محفل میں کون آیا.

ساز کے لب سے نغمے پھوٹے رنگ خوشی کا چھایا. آئی بہاریں...

آنکھوں نے آنکھوں میں مل کر نئے فسانے چھیڑے

ارمانوں کے ساز پہ دل نے نئے ترانے چھیڑے. آئی بہاریں...

عرش کے تارے فرش زمیں پر موتی بن کر بکھرے

عشق نے کھل کر انگڑائی لی حسن کے جلوے نکھرے

نمبر ۷

غم کیوں ہو - جینے والوں کو جینے دو جی مرنے کا غم کیوں ہو

شوخ لبوں پر آہیں کیوں ہوں ۔ آنکھوں میں نم کیوں ہو ۔ غم ...

آج اگر گلشن میں کھلتی ہے ۔ تو کل مرجھاتی ہے ۔

پھر بھی کھل کے ہنستی ہے ۔ اور ہنس کے چمن مہکاتی ہے ۔

کل کا دن کس نے دیکھا ہے ۔ آج دل ہم کھوئیں کیوں ۔

جن گھڑیوں میں ہنس سکتے ہیں اُن گھڑیوں میں روئیں کیوں

گائے گانے جا مستی کے ترانے ۔ ٹھنڈی آہیں بھرنا کیا ۔

موت آئی تو یوں بھی مر لیں گے ۔ موت سے پہلے مرنا کیا ۔ غم کیوں ہو ...

نمبر ۸

خاک ہوا دل جلتے جلتے ۔ ڈھل گیا سورج ڈھلتے ڈھلتے

سونی راہیں بوجھل سائے ۔ کیا جانے کب منزل آئے ۔

ہار گئی ہوں چلتے چلتے ۔ خاک ... ...

پھول چنے اور کانٹے پائے ۔ پیار کے گلشن راس نہ آئے

شاخیں ٹوٹیں پھلتے پھلتے ۔ خاک ہوا دل ... ...

گھر کے ستم کے طوفانوں میں ۔ لوٹ گیا دل ویرانوں میں

موت آ پہنچی چلتے چلتے ۔ خاک ہوا ۔

نمبر ۹ ۔ شاہی کی زنجیریں توڑتے چلو ۔ خونی کلائیاں مروڑتے چلو

فاقہ کشو تمہیں جینا ہے تو۔ مرنے کی سوگند کھا کے چلو
اونچے محل قصر اُلٹ دیں۔ غصہ میں یوں تلملا کر اُٹھو
شیروں کے دل دیکھوں آئے نکل۔ میدان میں جھنڈا اُٹھائے ہوئے
پڑے دو رنگ۔ کھٹنے دو ٹانگ۔ بازو میں آزمائے ہوئے۔ شاہی...

تمام شد

کتبہ بہ تحسین حسین بجنوری ؎

یہ نسخہ مہاتما کا بنایا ہوا ہے۔ اسکی پہلی خوراک ہی اپنا چمتکار دکھاتی ہے۔

بل داتا

پنجاب سرکار سے رجسٹرڈ نمبر ۹۲۶ چکتسک ویدو شارد پنڈت امی چند شرما کی تیار کردہ

جریان احتلام نیز کمزوری کی تیر بہدف دوا

ہر انسان کی صحت تندرستی کا دارومدار اسکی منی پر منحصر ہے لیکن بُری صحبت مجلس عادات
بھوگ وغیرہ وجوہات سے منی پر گرمی پہنچکر پتلی ہو جاتی ہے جس سے جریان احتلام پیشاب کیساتھ
دھات کا جانا۔ کمر درد کی ہڈی میں درد۔ دل و دماغ کمزور وغیرہ ہوتی امراض پیدا ہو جاتی ہیں۔ ان
امراض کو رفع کرنے کیلئے بل داتا سے بڑھکر کوئی دوا نہیں ہے۔ قیمت ۲۰ روز کا کورس ۹/۴
محصول ڈاک ۱/۵ ملنے کا پتہ :-

ہری شنکر فارمیسی (M) لال کٹرہ لاہوری گیٹ دہلی۔

دیہاتی فارمیسی کی تیار کردہ کچھ ادویات

جنکو عالیجناب حکیم ہزاری لعل سکریٹری بازار سیتارام نے اپنے دواخانہ میں اپنی زیر نگرانی تیار کروایا ہے

خارش کی دوا۔ یہ دوا دیہاتی جڑی بوٹیوں سے تیار کی گئی ہے ہر قسم کی خارش کھجلی۔ داد۔ ایگزیما و دیگر جرم روگوں کیلئے بہترین ثابت ہو چکی ہے۔ پبلک کی بھلائی اور بہبودی کے لئے "دیہاتی فارمیسی" یہ دوا اپنی طرف سے اپنے ایجنٹ کی معرفت مفت تقسیم کرتی ہے۔

ترکیب استعمال:- ایک بوند اسی جیبی گٹس میں ملا کر مالش کریں شرطیہ آرام ہوگا۔

مذکورہ فارمیسی کی دیگر ادویات

(1) 555 ٹانک پلز:- طاقت کی بہترین دوا ہے۔ قیمت ۳۰ گولی -/3

(2) بجلی:- آنکھوں کے ہر مرض مثلاً جالا۔ پڑبال۔ پھولا کیلئے اکسیر ہے قیمت فی شیشی -/1

(3) ناری رکشک امرت:- یہ دوا زنانہ امراض و درد ماہواری کو دور کرتی ہے قیمت ۲۴ گولی -/3

(4) بخار کی گولیاں:- اس کے استعمال سے ہر قسم کا بخار و باری کا بخار دفعہ ہو جاتا ہے۔ قیمت ۳۲ گولی -/3

(5) جرم روگ تیل:- ہر قسم کے جرم روگ خارش کھجلی پھنسی داد چھاجن وغیرہ روگوں کو دور کرتا ہے۔ قیمت فی شیشی 4 اونس -/8/1

(6) کان کے درد کی دوا قیمت فی شیشی -/1 (7) اکسیر جگر قیمت 50 گرام -/8/1

نوٹ:- باہر بھیجنے پر قیمتوں کے علاوہ محصول ڈاک بذمہ خریدار ہوگا۔

پتہ:- **لکھی رام کاشی رام، لاہوری گیٹ دہلی۔**